No. of Printed Pages : 8 **BUDAE-181**

B. A. Hons. (Urdu)

(BAUDH)

Term-End Examination

June, 2023

BUDAE-181 : Study of Classical Urdu Ghazal

Time : Three Hours] *[Maximum Marks : 100*

نوٹ:۔ سبھی سوالوں کے جواب لکھنا لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر سامنے درج ہیں۔

(حصہ الف)

۱۔ شمالی ہند میں اردو غزل کے آغاز و ارتقاء کو وضاحت کے ساتھ کیجئے۔ ۲۰

P.T.O.

یا

اردو غزل کی مقبولیت کے اسباب قلمبند کیجئے۔

۲۔ اردو غزل کے دو اہم دبستانوں کے امتیازی پہلوؤں پر بحث کیجئے۔ ۲۰

یا

ولی دکنی کے حالات زندگی اور غزل گوئی پر تفصیلی نوٹ لکھئے۔

(حصہ ب)

۳۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح معہ حوالہ کیجئے۔ ۱۵

مت غصے کے شعلے سوں جلتے کوں جلاتی جا

ٹک مہر کے پانی سوں تو آگ بجھاتی جا

تجھ چال کی قیمت سوں دل نشیں ہے مرا واقف

اے مان بھری چنچل، ٹک بھاد بتاتی جا

مجھ دل کے کبوتر کوں پکڑا ہے تری لٹ نے

یہ کام دھرم کا ہے، ٹک اس کوں چھڑاتی جا

تجھ عشق میں جل جل کر سب تن کوں کیا کاجل

یہ روشنی افزا ہے، انکھیاں کوں لگاتی جا

یا

ہستی اپنی حباب کی سی ہے

یہ نمائش سراب کی سی ہے

نازکی اس کے لب کی کیا کہیے

پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں

حالت اب اضطراب کی سی ہے

میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز

اسی خانہ خراب کی سی ہے

۴۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح مع حوالہ کیجئے۔ ۱۵

ناگہ چمن میں، جب وہ گل اندام آگیا
گُل کو شکستِ رنگ کا پیغام آگیا

سوچے تھا، اہل جرم سے کس کو کروں میں قتل؟
اتنے میں، اس کو یاد مرا نام آگیا

افسوس ہے، کہ ہم تو رہے مستِ خواب صبح
اور آفتاب عمر بام آگیا

سمجھو خدا کے واسطے پیارے! بُرا نہیں
د دن اگر کسی کے کوئی کام آگیا

یا

ہم تجھ سے کس ہوس کی فلک! جستجو کریں

دل ہی نہیں رہا ہے، جو کچھ آرزو کرتے

تردامنی پہ شیخ ہماری نہ جائیو

دامن نچوڑ دیں تو فرشتے وضو کریں

سرتا قدم زبان ہیں جوں شمع گو کہ ہم

پر یہ کہاں مجال جو کچھ گفتگو کریں

نے گل کو ہے ثبات، نہ ہم کو ہے اعتبار

کس بات پر چمن! ہوس رنگ و بو کریں

(حصہ ج)

۵۔ میر تقی میرؔ کی غزل گوئی کی خصوصیات قلم بند کیجئے۔ ۱۰

یا

غالب کے حالات زندگی بیان کیجئے۔

۶۔ خواجہ میر دردؔ کی غزل گوئی پر نوٹ لکھئے۔ ۱۰

یا

سراج اورنگ آبادیؔ کا سوانحی خاکہ پیش کیجئے۔

۷۔ امام ناسخ کی شاعرانہ خصوصیات اختصار کے ساتھ قلم بند کیجئے۔ ۱۰

یا

اردو شاعری میں ولی دکنی کے مقام و مرتبہ پر روشنی ڈالئے۔